© rasailojaraid.com

ہوئے رب العزت سے امید قوی ہے کہ اس بابرکت خزینہ کا مطالعہ ہر قاری کیلئے دنیوی واخروی منافع کے حصول کا ذریعہ انشاء اللہ ثابت ہوگا۔ علامہ صاحب کی وفات کے بعد انکے اس بیش بہا سرمایہ آخرت کو منصۂ شہود پر لانے میں جناب امجد بٹ اور دیگر دوستوں، عزیزوں نے جو کردار ادا کیا وہ انتہائی قابل قدر ہے۔ خدا کرے رحمت عالم کے اقوال پر مشتمل یہ کتاب مرحوم کے رفع درجات اور مغفرت کا سبب بن جائے اور اس کاوش کو قبول عامہ نصیب ہو۔ (امین)

---

کتاب: مسنون دعائیں　　　مرتب: مولانا لیاقت علی شاہ نقشبندی غفوری۔
ضخامت: ۳۱۲صفحات　پاکٹ سائز۔　　ملنے کا پتہ: جامعہ اسلامیہ درویشیہ سندھی مسلم سوسائٹی کراچی

دعا کی فضیلت کے بارے میں بکثرت آیات قرآنیہ اور احادیث نبویہ آئی ہیں۔ ارشاد ربانی ہے: ادعوا ربکم تضرعاً وخفیه (الاعراف) وقال ربکم ادعونی استجب لکم (المومن) یعنی اپنے پروردگار کو عاجزی کے ساتھ اور آہستہ پکارو۔ اور فرمایا ''تمہارے رب نے کہا مجھ کو پکارو، میں (تمہاری دعائیں) قبول کروں گا۔'' حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ الدعاء سلاح المومن و عماد الدین و نور السموات و الارض ۔ یعنی دعا مومن کا ہتھیار ہے، دین کا ستون ہے اور آسمانوں اور زمینوں کی روشنی ہے۔ اسی طرح حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم عن لم یسئل اللہ یغضب علیه ۔ یعنی حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص اللہ تعالیٰ سے سوال نہیں کرتا تو اللہ تعالیٰ ان پر غصہ ہوتے ہیں۔

ماثور دعاؤں پر مختلف کتابیں شائع ہو چکی ہیں۔ بعض ضخیم ہیں اور بعض مختصر۔ کیونکہ انسان اپنی ضروریات میں ہر وقت اور ہر آن اللہ تعالیٰ کو محتاج ہوتا ہے۔ اسی لئے حضور ﷺ نے مختلف حاجات اور ضروریات کے لئے مختلف مبارک الفاظ کے ساتھ دعاؤں کی تلقین کی ہے۔ جن کو امت کی برگزیدہ ہستیوں نے جمع کی ہیں اور انشاء اللہ یہ سلسلہ تا قیامت چلتا رہے گا۔

زیر تبصرہ مختصر کتابچہ میں فاضل محترم مولانا حافظ لیاقت علی شاہ صاحب نقشبندی غفوری نے مستند کتب سے اخذ واستفادہ کرکے دعاؤں کی ایک بہترین سوغات تیار کی ہے اور انتہائی محنت وکوشش کرکے کتب حدیث کے حوالوں سے ان کی صحت وسند پر مہر توثیق ثبت کردی ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کی اس محنت کو قبولیت عامہ سے نوازیں۔ اور مرتب کو اجر جزیل سے بہرہ ور فرمادیں۔　　(مولانا حافظ ابراہیم فانی)

---

© rasailojaraid.com